ہندوستان۔ایک فلاحی ریاست

سبق نمبر	سبق کا عنوان	مہارتیں	سرگرمی
17	ہندوستان ایک فلاحی ریاست	تعلق خاطر، تنقیدی غور و فکر جذبات پر قابو کرنا مسائل کا حل	یہ سمجھنا کہ ہندوستان کس طرح ایک فلاحی ریاست ہے

مفہوم و معنی

ہندوستان کو ایک فلاحی ریاست کہا جاتا ہے۔سوال یہ ہے کہ فلاحی ریاست کیا ہے؟ یہ حکومت کا ایسا تصور ہے،جس کو میں شہریوں کی معاشی وسماجی فلاح و بہبود کے تحفظ اور فروغ کے لیے ریاست کلیدی رول ادا کرتی ہے۔ایک فلاحی ریاست مواقع کی برابری اور سرمائے کی مساوی تقسیم کے اصولوں پر مبنی ہوتی ہے۔اس نظام کے تحت شہریوں کی فلاح و بہبود ریاست کی ذمہ داری ہوتی ہے۔

آئین ہند نے بنیادی حقوق اور ریاستی پالیسی کے رہنما اصولوں کے طور پر دوسرے حقوق کی شکل میں جامع اور وسیع شرائط کو شامل کر کے عوام کی سماجی اور معاشی فلاح و بہبود کو یقینی بنایا ہے۔

بنیادی حقوق کا ایکٹ اس بات کی ضمانت دیتا ہے کہ سبھی ہندوستانی شہریوں کو شہری آزادیاں اور بنیادی حقوق حاصل ہیں۔

ان میں سے کچھ بنیادی حقوق ہیں۔آزادئ تقریر و اظہار،ایسوسی ایشن بنانے کی آزادی اور پر امن طور پر جمع ہونے کی آزادی،آزادئ مذہب اور ان شہری حقوق کے تحفظ کے لیے آئینی تحفظ کا حق۔

ریاستی پالیسی کے رہنما اصول

آئین کے بانی مصنفین اس بات سے واقف تھے کہ اگر تمام بنیادی حقوق کا حقیقی طور پر نفاذ کر دیا جائے تو بھی ہندوستانی جمہوریت کے مقاصد کی تکمیل اس وقت تک نہیں ہو سکتی،جب تک کہ ہندوستانی عوام کو سماجی اور معاشی حقوق حاصل نہ ہوں۔اس کام کو آئین ہند میں حصہ iv کو شامل کر کے انجام دیا گیا،جس کو ریاستی پالیسی کے رہنما اصول کے نام سے جانا جاتا ہے۔

رہنما اصولوں کی اہم خصوصیات

- آئین میں رہنما اصولوں کی شمولیت کو آئرلینڈ کے آئین اور گاندھیائی پالیسی سے تحریک ملی۔
- یہ ریاست کے لیے رہنما اصول ہیں اور بذریعہ عدالت ناقابل نفاذ ہیں۔
- اس اصولوں کا مقصد اس طرح کے حالات پیدا کرنا ہے،جہاں سبھی شہری ایک اچھی زندگی گذار سکیں۔
- ان اصولوں کا مقصد سماجی اور معاشی جمہوریت قائم کرنا ہے۔

رہنما اصولوں کی اقسام

- آئین میں درج رہنما اصول مختلف اقسام کے ہیں اور ان کی زمرہ بندی درج ذیل مخصوص زمروں میں کی جاسکتی ہے:

ریاست کو یقینی بنانا چاہیے۔

i) زندگی کی گذر بسر کے معقول و مناسب طریقے

ii) مادی وسائل کی منصفانہ تقسیم

iii) عورتوں اور مردوں کے لیے مساوی کام کا مساوی معاوضہ

iv) 14 سال کی عمر تک کے بچوں کے لیے مفت اور لازمی تعلیم

v) بچوں، عورتوں اور مردوں کا استحصال سے تحفظ

- گاندھیائی اصول: غیر متشدد سماجی نظام کو فروغ دینا، سب کی بھلائی اور نشہ آور مشروبات اور ادویات پر پابندی
- بین الاقوامی امن و یک جہتی سے جڑے ہوئے اصول: ان اصولوں کا مقصد پڑوسی ملکوں سے اچھے تعلقات قیام کرنا اور بین الاقوامی تنازعات کو بات چیت یا پُر امن طریقے سے سلجھانا ہے۔
- متفرق اصول: ان اصولوں میں شامل ہیں i) تاریخی یادگاروں کی حفاظت ii) جنگلات اور جنگلاتی زندگی کا تحفظ iii) سبھی شہریوں کے لیے یکساں سول کوڈ

ریاستی پالیسی کے رہنما اصولوں اور بنیادی حقوق کے درمیان تعلق

رہنما اصولوں کا مقصد ایک فلاحی ریاست قائم کرنا ہے۔ بنیادی حقوق کا بھی یہی مقصد ہے، لیکن ان دونوں کے درمیان کچھ بنیادی فرق ہیں۔ پہلی بات تو یہ کہ رہنما اصول ناقابل نفاذ بذریعہ عدالت ہیں، جبکہ بنیادی حقوق بذریعہ عدالت قابل نفاذ بھی ہیں اور قابل دادرسی بھی ہیں۔ دوسرے یہ کہ یہ اصول پالیسیوں کو وضع کرنے اور فلاحی ریاست کے مقاصد کی تکمیل کی جانب قدم کے طور پر ریاست کے لیے رہنما خطوط یا ہدایات ہیں۔ بنیادی حقوق کو آئین یقینی بناتا ہے اور ریاست سبھی شہریوں کے حقوق کا تحفظ کرنے کی پابند ہے۔ رہنما اصول، بنیادی حقوق سے مختلف ہیں، لیکن دونوں ایک دوسرے کے لیے لازم ہیں۔

ریاستی پالیسی کے رہنما اصولوں کی عمل آوری

''مرکزی حکومت کے ایک وسیع پروگرام'' ''سروشکشا ابھیان'' کو سبھی ریاستوں میں چلایا جارہا ہے۔ اسی طرح سے ہندوستانی پارلیمنٹ کے ذریعہ منظور کردہ ''حق تعلیم ایکٹ 2009'' ریاستی پالیسی کے رہنما اصولوں پر عملدرآمد کی ایک اور سنجیدہ کوشش ہے۔

مساوی کام کے لیے مساوی معاوضہ کو یقینی بنایا جاچکا ہے۔ پنچایتی راج کو آئینی حیثیت دی جاچکی ہے۔

مرکزی اور ریاستی حکومتیں ان رہنما اصولوں پر عمل درآمد کررہی ہیں، لیکن فلاحی ریاست کے مقاصد کی تکمیل کے لیے ابھی بہت کچھ کیا جانا ہے۔

اپنا تجزیہ کریں:

سوال: ریاستی پالیسی کے رہنما اصولوں کا مقصد کیا ہے؟

سوال: ریاستی پالیسی کے رہنما اصول، بنیادی حقوق سے کس طرح مختلف ہیں؟ وضاحت کیجیے۔

سوال: ریاستی پالیسی کے کن ہی تین رہنما اصولوں کے بارے میں بتائیے، جن پر حکومت کے ذریعہ عمل درآمد کیا گیا ہے۔